167. And when your Lord proclaimed that He would certainly raise against them, till the Day of Resurrection, those who would afflict them with a humiliating punishment. Surely, your Lord is indeed swift in retribution, and indeed He is Oft Forgiving, Most Merciful.	وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَن يَسُومُهُمْ سُوءَ الْعَذَابِ ۗ إِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيعُ الْعِقَابِ ۖ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٦٧﴾	اور (یاد کرو) جب اعلان کیا تمہارے رب نے کہ ضرور مسلط کرتا رہے گا وہ بنی اسرائیل پر قیامت تک ایسے لوگ جو دیں گے اِن کو بدترین عذاب یقیناً تیرا رب جلد سزا دینے والا ہے اور یقیناً وہی بخشنے والا، مہربان ہے ﴿۱۶۷﴾
168. And We have divided them in the earth as nations. Some among them are righteous, and some among them are other than that. And We have tested them with good things and evil things that perhaps they might return (to Our obedience).”	وَقَطَّعْنَاهُمْ فِي الْأَرْضِ أُمَمًا ۖ مِّنْهُمُ الصَّالِحُونَ وَمِنْهُمْ دُونَ ذَٰلِكَ ۖ وَبَلَوْنَاهُم بِالْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿١٦٨﴾	اور تقسیم کر دیا ہم نے اُن کو زمین میں مختلف فرقوں میں کچھ اُن میں سے نیک ہیں اور کچھ اُن میں سے مختلف ہیں اُس سے اور آزمایا ہم نے اُن کو آسائشوں اور تکلیفوں سے شاید کہ وہ پلٹ آئیں ﴿۱۶۸﴾

169. Then succeeded after them a generation, which inherited the book. They took the vanities of this lower life, saying: "It will be forgiven for us." And if there came to them an offer like it, they would (again) take it. Has not the covenant of the book been taken from them, that they would not speak about Allah but the truth. And they have studied that which is therein. And the abode of the Hereafter is better for those who fear (Allah). Do not you then understand.	فَخَلَفَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ خَلۡفٌ وَّرِثُوا الۡكِتٰبَ يَاۡخُذُوۡنَ عَرَضَ هٰذَا الۡاَدۡنٰى وَيَقُوۡلُوۡنَ سَيُغۡفَرُ لَنَا ۚ وَاِنۡ يَّاۡتِهِمۡ عَرَضٌ مِّثۡلُهٗ يَاۡخُذُوۡهُ ؕ اَلَمۡ يُؤۡخَذۡ عَلَيۡهِمۡ مِّيۡثَاقُ الۡكِتٰبِ اَنۡ لَّا يَقُوۡلُوۡا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الۡحَقَّ وَدَرَسُوۡا مَا فِيۡهِ ؕ وَالدَّارُ الۡاٰخِرَةُ خَيۡرٌ لِّلَّذِيۡنَ يَتَّقُوۡنَ ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۱۶۹﴾	پھر جانشین ہُوئے اُن کے بعد ایسے ناخلف جو وارث ہو کر کتابِ الٰہی کے حاصل کرتے تھے فائدہ اس حقیر دنیاوی زندگی کا اور کہتے تھے کہ توقع ہے کہ ہمیں معاف کر دیا جائے گا اور اگر آتی تھی اُن کے سامنے (پھر) ویسی ہی متاع تو پھر لے لیتے تھے اُسے۔ کیا نہیں لیا گیا تھا اُن سے یہ عہد کتاب میں کہ نہیں بولیں گے وہ اللہ کے بارے میں، مگر سچی بات اور انہوں نے پڑھا بھی ہے وہ جو اس میں (لکھا) ہے اور آخرت کا گھر بہتر ہے اُن لوگوں کے لیے جو (اللہ سے) ڈرتے ہیں۔ تو کیا نہیں (اتنی سی بات بھی) سمجھتے تم؟ ﴿۱۶۹﴾
170. And those who hold fast to the Book, and establish worship, certainly, We shall not waste the reward of those who do righteous deeds.	وَالَّذِيۡنَ يُمَسِّكُوۡنَ بِالۡكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِيۡعُ اَجۡرَ الۡمُصۡلِحِيۡنَ ﴿۱۷۰﴾	اور جو لوگ پابندی کرتے ہیں کتاب کی اور قائم کرتے ہیں نماز، بے شک ہم نہیں ضائع کرتے اجر ایسے نیک کردار لوگوں کا ﴿۱۷۰﴾
171. And when We raised the mountain above them, as if it had been a canopy, and they thought that it was about to fall on them (and We said): "Hold that which We have given you firmly, and remember that which is therein, so that you may fear (Allah)."	وَاِذۡ نَتَقۡنَا الۡجَبَلَ فَوۡقَهُمۡ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوۡۤا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمۡ ۚ خُذُوۡا مَاۤ اٰتَيۡنٰكُمۡ بِقُوَّةٍ وَّاذۡكُرُوۡا مَا فِيۡهِ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُوۡنَ ﴿۱۷۱﴾	اور (یاد کرو وہ وقت) جب اکھاڑ کر اُٹھایا ہم نے پہاڑ اُن کے اُوپر گویا کہ وہ سائبان ہے اور وہ یہ گمان کر رہے تھے کہ وہ آن پڑے گا اُن پر۔ پکڑے رہو وہ (احکام) جو ہم نے دیئے ہیں تم کو مضبوطی سے اور یاد رکھو اُسے جو اس میں ہے تاکہ تم (غلط روش سے) بچے رہو ﴿۱۷۱﴾

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۛ شَهِدْنَا ۛ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ۝	172. And when your Lord brought forth from the Children of Adam, from their loins, their descendants, and made them testify as to themselves, (saying): "Am I not your Lord." They said: "Yes, we do testify." lest you should say on the Day of Resurrection: "Indeed, we were unaware of this."	اور (یاد کرو) جب نکالا تھا تیرے رب نے اولادِ آدمؑ میں سے یعنی اُن کی پشتوں میں سے اُن کی نسل کو اور گواہ بنایا تھا اُن کو خود اُن کے اُوپر (اور پُوچھا تھا) کیا نہیں ہوں میں تمہارا رب سب نے کہا تھا ہاں (تُو ہی ہمارا رب ہے) ہم گواہی دیتے ہیں (یہ ہم نے اس لیے کیا تھا) کہ کہیں (نہ) کہو تم قیامت کے دن کہ ہم تو تھے اس بات سے بے خبر ﴿۱۷۲﴾
اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَاۗؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ۝	173. Or lest you should say: "It was only our fathers who ascribed partners (to Allah) before, and we were descendants after them. Would You then destroy us because of that which the unrighteous did."	یا کہو تم کہ شرک تو کیا تھا ہمارے باپ دادا نے ہم سے پہلے اور ہم تھے اِن کی اولاد اِن کے بعد تو کیا پھر تو ہلاک کرے گا ہمیں ان (گناہوں کی پاداش) میں جو کرتے رہے گمراہ لوگ ﴿۱۷۳﴾
وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝	174. And thus do We explain in details the revelations. And perhaps they may return.	اور اس طرح ہم واضح طور پر بیان کرتے ہیں نشانیاں اور اس لیے بھی تاکہ پلٹ آئیں یہ ﴿۱۷۴﴾
وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ۝	175. And recite (O Muhammad) to them the story of him to whom We gave Our signs, then who turned away from them, so Satan followed him up, then he became of those who went astray.	(اے نبیؐ) اور بیان کرو ان کے سامنے حال اس شخص کا جسے عطا کی تھیں ہم نے اپنی آیات مگر وہ نکل بھاگا ان (کی پابندی) سے تو لگ گیا اس کے پیچھے شیطان سو ہو گیا وہ شامل گمراہوں میں ﴿۱۷۵﴾

176. And if We had so willed, We would surely have raised him by those (signs), but he clung to the earth and followed his own vain desire. So his likeness is as the likeness of a dog. If you attack him, he hangs out with his tongue, or you leave him, he hangs out his tongue. Such is the likeness of the people who deny Our revelations. So narrate the stories, that they may reflect.	وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾	اور اگر ہم چاہتے تو بلندی عطا کرتے اُسے اُن آیات کے ذریعے سے مگر وہ تو ہو کر رہ گیا دُنیا کا اور پیروی کی اُس نے اپنی خواہشِ نفس کی۔ پس اس کی مثال ہو گئی مانند کُتّے کے اگر بوجھ لادو اس پر تب بھی زبان لٹکائے اور چھوڑ دو اُسے تب بھی زبان لٹکائے۔ یہی مثال ہے اُن لوگوں کی جو جھٹلاتے ہیں ہماری آیات کو تو بیان کرو یہ احوال (ان کے سامنے) شاید وہ کچھ غور و فکر کریں ﴿۱۷۶﴾
177. Evil as an example are the people who denied Our revelations, and used to wrong their own selves.	سَآءَ مَثَلًا ۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾	بہت ہی بُری ہے مثال اُن لوگوں کی جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو اور اپنے ہی اُوپر ظلم کرتے رہے ﴿۱۷۷﴾
178. He whom Allah guides, then he is the rightly guided, and He whom He sends astray, so such are they who are the losers.	مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾	جسے ہدایت بخشے اللہ سو وہی راہِ راست پاتا ہے اور جس کو محروم کر دے اللہ رہنمائی سے، سو ایسے ہی لوگ ناکام و نامراد ہو کر رہتے ہیں ﴿۱۷۸﴾

179. And certainly, We have created for Hell many of the jinn and mankind. They have hearts with which they understand not, and they have eyes with which they see not, and they have ears with which they hear not. They are like the cattle. Nay, they are even more astray. Such are they who are the heedless.	وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ز وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ز وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝۱۷۹	اور یقیناً پیدا کیے ہیں ہم نے جہنم ہی کے لیے بہت سے جن اور انسان، اُن کے دل تو ہیں (مگر) نہیں لیتے سوچنے سمجھنے کا کام اُن سے اور اُن کی آنکھیں تو ہیں (مگر) نہیں دیکھتے اُن سے اور اُن کے کان تو ہیں (مگر) نہیں سُنتے وہ اُن سے یہ لوگ جانوروں کی طرح ہیں بلکہ اُن سے بھی زیادہ گمراہ۔ یہی لوگ ہیں جو غفلت میں پڑے ہُوئے ہیں ۱۷۹
180. And to Allah belong the most beautiful names. So call on Him by them. And leave those who blaspheme His names. They will soon be requited for what they used to do.	وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۠ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَاۗىِٕهٖ ۭ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۸۰	اور اللہ ہی کے لیے ہیں سب اچھے نام سو پکارو اس کو اُن ناموں سے اور چھوڑ دو اُن لوگوں کو جو منحرف ہو جاتے ہیں راستی سے اس کے ناموں کے معاملہ میں وہ ضرور بدلہ پا کر رہیں گے اپنے کیے کا ۱۸۰
181. And among those whom We created, is a nation who guides with the truth, and thereby they establish justice.	وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۝۱۸۱	اور ہماری ہی مخلوق میں ایک گروہ ایسے لوگوں کا بھی ہے جو ہدایت کرتے ہیں (ٹھیک ٹھیک) حق کے مطابق اور اُسی کے مطابق انصاف کرتے ہیں ۱۸۱
182. And those who deny Our revelations, We shall gradually seize them with punishment from where they do not know.	وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۸۲	اور وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو، انہیں ہم بتدریج لے جائیں گے (تباہی کی طرف) ایسے طریقے سے کہ انہیں خبر تک نہ ہوگی ۱۸۲
183. And I respite them, certainly My scheme is strong.	وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ۝۱۸۳	اور مَیں ڈھیل دُوں گا اُنہیں، بے شک میری چال بڑی مضبوط ہے ۱۸۳

184. Do they not reflect that there is no madness in their companion (Muhammad). He is but a plain warner.	اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۗ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸۴﴾	کیا نہیں سوچا اُنہوں نے (کبھی) کہ نہیں ہے اُن کے رفیق (محمدؐ) پر کوئی اثر جنوں کا نہیں ہیں وہ مگر ایک متنبہ کرنے والے واضح طور پر ﴿۱۸۴﴾
185. Do they not look in the dominion of the heavens and the earth, and all things that Allah has created, and that it may be that their own term draws near. Then in what message after this will they believe.	اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۵﴾	کیا نہیں غور کیا اُنہوں نے کبھی انتظام پر (آسمانوں) اور زمین کے اور اُن پر جو پیدا کی ہیں اللہ نے چیزیں اور اس پر کہ بہت ممکن ہے کہ قریب آ لگا ہو اُن (کی مہلتِ زندگی) پورا ہونے کا وقت آخر وہ کونسی بات ہے، پیغمبر کی تنبیہ کے بعد (جس پر یہ) ایمان لائیں گے؟ ﴿۱۸۵﴾
186. Those whom Allah sends astray, then there is no guide for them. And He leaves them in their transgression to wander blindly.	مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ۭ وَيَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۸۶﴾	جس کو رہنمائی سے محروم کر دے اللہ تو نہیں کوئی رہنما اس کے لیے اور چھوڑ دیتا ہے (اللہ) ایسے لوگوں کو کہ وہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے پھریں ﴿۱۸۶﴾


187. They ask you about the Hour (Day of Resurrection): "When will be its appointed time." Say: "The knowledge thereof is with my Lord only. None will manifest it at its proper time but He. Heavy it will be in the heavens and the earth. It shall not come upon you except all of a sudden." They ask you as if you could be well informed thereof. Say: "The knowledge thereof is with Allah only, but most of mankind know not.	يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾	پُوچھتے ہیں یہ لوگ تم سے قیامت کے بارے میں کہ کب ہے وقت اس کے قائم ہونے کا؟ کہہ دو بے شک اس کا علم تو میرے رب ہی کے پاس ہے نہیں ظاہر کرے گا اسے اس کے وقت پر مگر وہ، بڑا بھاری ہوگا (وہ وقت) آسمانوں اور زمین پر۔ نہیں آئے گی وہ تم پر مگر اچانک وہ پُوچھتے ہیں تم سے اس طرح گویا کہ تم کھوج میں لگے ہوئے ہو اس کے کہہ دو! اس کا علم تو صرف اللہ کے پاس ہے لیکن اکثر لوگ اس حقیقت سے ناواقف ہیں ﴿۱۸۷﴾
188. Say (O Muhammad): "I possess no power for myself to benefit, nor to hurt, except that which Allah wills. And if I had knowledge of the unseen, I should have secured abundance of wealth, and adversity would not have touched me. I am but a warner, and a bringer of good tidings unto a people who believe."	قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۛؕ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾	کہہ دو! کہ نہیں اختیار رکھتا میں اپنی ذات کے لیے بھی کسی نفع اور نہ کسی نقصان کا، مگر یہ کہ چاہے اللہ اور اگر ہوتا مجھے علم غیب کا تو ضرور حاصل کر لیتا میں بہت فائدے اور نہ پہنچتا مجھے کبھی کوئی نقصان نہیں ہوں میں مگر خبردار کرنے والا اور خوش خبری سُنانے والا اُن لوگوں کے لیے جو میری بات مانیں ﴿۱۸۸﴾

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِیَسْكُنَ اِلَیْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِیْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّاۤ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَىِٕنْ اٰتَیْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿۱۸۹﴾	189. He it is who has created you from a single soul, and He has created from him his mate, that he might take rest in her. Then when he covered her, she carried a light burden, so she went about with it. Then when it became heavy, they both prayed unto Allah, their Lord: "If you give us a goodly child, we shall indeed be among the grateful."	وہی تو ہے جس نے پیدا کیا تم کو ایک جان سے اور بنایا اسی میں سے اس کا جوڑا تاکہ سکون حاصل کرے وہ اس کے پاس۔ پھر جب ڈھانک لیا مرد نے عورت کو تو اُٹھا لیا اُس نے ہلکا سا بوجھ پھر وہ لیے پھری اُسے پھر جب وہ بوجھل ہوگئی تو دونوں نے دُعا کی اللہ سے جو اُن کا رب ہے کہ اگر عطا فرمائے تو ہمیں اچھا اور سالم بچہ تو ضرور ہوں گے ہم تیرے شکر گزار ﴿۱۸۹﴾
فَلَمَّاۤ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِیْمَاۤ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾	190. Then when He gave them a goodly child, they ascribed partners to Him in that which He had given to them. Exalted is Allah above all that they associate (with Him).	پھر جب دیا اللہ نے اُن دونوں کو صحیح و سالم بچہ تو ٹھہرانے لگے وہ اللہ کے شریک (دوسروں کو) اُس نعمت میں جو
اَیُشْرِكُوْنَ مَا لَا یَخْلُقُ شَیْـًٔا وَّهُمْ یُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾	191. Do they associate as partners (to Allah) those who create nothing, and they are (themselves) created.	عطا کی تھی اُن کو اللہ نے پس بلند و برتر ہے اللہ کی ذات ان سے جن کو یہ اس کا شریک ٹھہراتے ہیں ﴿۱۹۰﴾ کیا شریک ٹھہراتے ہیں یہ اُن کو جو نہیں پیدا کرتے کوئی چیز اور وہ خود پیدا کیے گئے ہیں؟ ﴿۱۹۱﴾
وَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَاۤ اَنْفُسَهُمْ یَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾	192. And they are not able to help them, nor can they help themselves.	اور نہ طاقت رکھتے ہیں وہ اُن کے لیے کسی قسم کی مدد کی اور نہ خود اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں ﴿۱۹۲﴾
وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا یَتَّبِعُوْكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَیْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾	193. And if you call them to guidance, they follow you not. It is the same for you whether you call them or you keep silent.	اور اگر بلاؤ تم اُن کو ہدایت کی طرف تو نہ پیروی کریں تمہاری، برابر ہے تمہارے لیے خواہ پکارو تم اُن کو یا تم خاموش رہو ﴿۱۹۳﴾

194. Indeed, those you call upon besides Allah are slaves like you. So call upon them then let them answer you, if you are truthful.	اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾	درحقیقت یہ جنہیں پکارتے ہو تم اللہ کے سوا وہ بھی بندے ہیں تمہاری طرح کے سو پکار کر دیکھو تم انہیں ضرور جواب دیں گے وہ تمہیں! اگر ہو تم سچے ﴿۱۹۴﴾
195. Do they have feet by which they walk, or do they have hands by which they hold, or do they have eyes by which they see, or do they have ears by which they hear. Say: "Call upon your (so called) partners (of Allah), then plot against me, and give me no respite."	اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ قُلِ ادْعُوْا شُرَكَاۗءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۱۹۵﴾	کیا، ہیں اُن کے پاؤں کہ چلتے ہیں وہ اُن سے یا ہیں اُن کے ہاتھ کہ پکڑتے ہیں وہ اُن سے یا ہیں اُن کی آنکھیں کہ دیکھتے ہیں وہ اُن سے یا ہیں اُن کے کان کہ سُنتے ہیں وہ اُن سے کہدو! کہ بلالو تم اپنے ٹھہرائے ہوئے شریکوں کو پھر تم سب تدبیر کرو میرے خلاف اور مجھے ذرا مہلت نہ دو ﴿۱۹۵﴾
196. "Indeed, my protecting friend is Allah, He Who has revealed the book. And He protects the righteous."	اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۚ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹۶﴾	یقیناً میرا حامی و ناصر اللہ ہے جس نے نازل کی ہے کتاب اور وہی حمایت کرتا ہے نیک لوگوں کی ﴿۱۹۶﴾
197. "And those whom you call upon besides Him, they are unable to help you, nor can they help themselves."	وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۷﴾	اور وہ جن کو پکارتے ہو تم اس کے سوا، نہیں کر سکتے وہ تمہاری مدد اور نہ وہ خود اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں ﴿۱۹۷﴾
198. And if you call them to guidance, they hear not. And you will see them looking towards you, yet they see not.	وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوْا ۭ وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۹۸﴾	اور اگر بلاؤ تم اُن کو سیدھی راہ کی طرف تو سُن بھی نہیں سکتے اور نظر آتا ہے تم کو کہ دیکھ رہے ہیں وہ تمہاری طرف حالانکہ وہ کچھ نہیں دیکھ رہے ہوتے ﴿۱۹۸﴾

199. Show forgiveness, and enjoin kindness, and turn away from the ignorant.	خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿١٩٩﴾	اختیار کرو طریقہ درگزر کا اور تلقین کرو نیک کام کی اور نہ اُلجھو جاہلوں سے ﴿١٩٩﴾
200. And if an evil whisper comes to you from the Satan, then seek refuge with Allah. Indeed, He is All Hearer, All Knower.	وَإِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللهِ ۚ إِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٠٠﴾	اور اگر کبھی اُکسائے تم کو شیطان کسی وسوسہ سے تو پناہ مانگو اللہ کی بے شک وہ ہے ہر بات سُننے والا اور سب کچھ جاننے والا ﴿٢٠٠﴾
201. Indeed, those who fear (Allah), when an evil thought touches them from Satan, they do remember (Allah), then they become seers.	إِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَإِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ﴿٢٠١﴾	حقیقت یہ ہے کہ جو لوگ متقی ہیں (ان کا حال یہ ہے) کہ جب چھو جاتا ہے اُنہیں کوئی بُرا خیال شیطان (کے اثر) سے تو فوراً چوکنے ہو جاتے ہیں اور پھر اُنہیں صاف نظر آنے لگتا ہے (کہ اصل بات کیا ہے؟) ﴿٢٠١﴾
202. And their brothers, they (the devils) plunge them further into error, then they do not stop short.	وَإِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿٢٠٢﴾	اور ان (کفار) کے بھائی کھینچتے چلے جاتے ہیں اُنہیں گمراہی میں اور کوئی کسر نہیں اُٹھا رکھتے (اُن کو بھٹکانے میں) ﴿٢٠٢﴾

203. And when you do not bring them a sign, they say: "Why have you not brought it." Say: "I follow only that which is revealed to me from my Lord. This (Quran) is insight from your Lord, and a guidance, and a mercy for a people who believe."	وَإِذَا لَمْ تَأْتِهِم بِآيَةٍ قَالُوا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ۚ قُلْ إِنَّمَا أَتَّبِعُ مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ مِن رَّبِّي ۚ هَٰذَا بَصَائِرُ مِن رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٢٠٣﴾	اور جب نہیں پیش کرتے تم (اے نبیؐ) اُن کے سامنے کوئی معجزہ تو یہ کہتے ہیں کہ کیوں نہ منتخب کرلی تم نے (اپنے لیے کوئی) نشانی، کہہ دو! کہ میں تو صرف پیروی کرتا ہوں اُس کی جو وحی کیا جاتا ہے مجھ پر میرے رب کی طرف سے۔ یہ (قرآن) بصیرت کی روشنیاں ہیں تمہارے رب کی طرف سے اور ہدایت اور رحمت ہے اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں ﴿۲۰۳﴾
204. And when the Quran is recited, so listen to it, and be silent, that you may receive mercy.	وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿٢٠٤﴾	اور جب پڑھا جائے (تمہارے سامنے) قرآن تو توجہ سے سُنو اُسے اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحمت ہو ﴿۲۰۴﴾
205. And remember your Lord within yourself, with humility and fear, without loudness in words, in the mornings and the evenings. And be not of those who are neglectful.	وَاذْكُر رَّبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِيفَةً وَدُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ وَلَا تَكُن مِّنَ الْغَافِلِينَ ﴿٢٠٥﴾	اور (اے نبیؐ) یاد کیا کرو اپنے رب کو دل ہی دل میں گڑگڑاتے ہوئے اور ڈرتے ہوئے اور بغیر آواز بلند کیے الفاظ کی صبح و شام اور نہ ہو جاؤ تم اُن لوگوں میں سے جو غفلت میں پڑے ہوئے ہیں ﴿۲۰۵﴾
206. Indeed, those (angels) who are with your Lord, do not turn away out of arrogance, from His worship, and they glorify His praise, and to Him they prostrate themselves. **AsSajda**	إِنَّ الَّذِينَ عِندَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ وَيُسَبِّحُونَهُ وَلَهُ يَسْجُدُونَ ﴿٢٠٦﴾	یقیناً وہ (فرشتے) جو مقرب ہیں تیرے رب کے وہ کبھی اپنی بڑائی کے گھمنڈ میں مُنہ نہیں موڑتے اُس کی عبادت سے اور اُس کی تسبیح کرتے ہیں اور اُسی کے آگے جھکے رہتے ہیں ﴿۲۰۶﴾ السجدہ



AlAnfaal

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. They ask you (O Muhammad) about the spoils of war. Say: "The (decision about) spoils of war belong to Allah and the Messenger." So fear Allah, and set things right between you, and obey Allah and His Messenger, if you are (true) believers.	يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝١	(اے نبیؐ) پُوچھتے ہیں تم سے غنیمتوں کے بارے میں کہو! مالِ غنیمت اللہ اور رسُول کا ہے پس ڈرو تم اللہ سے اور درست کرو آپس کے تعلقات اور اطاعت کرو اللہ اور اُس کے رسول کی، اگر ہو تم مومن ① مومن تو درحقیقت وہی لوگ ہیں کہ جب لیا جاتا ہے اللہ کا (نام) تو لرز جاتے ہیں اُن کے دل اور جب پڑھی جاتی ہیں اُن کے سامنے اللہ کی آیات تو بڑھا دیتی ہیں (وہ آیات) اُن کا ایمان اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں ② وہ جو قائم کرتے ہیں نماز اور اُس (رزق) میں سے جو ہم نے ہی دیا ہے اُن کو خرچ کرتے ہیں ③
2. The believers are only those who, when Allah is mentioned, their hearts become fearful, and when His verses are recited to them, it increases them in faith, and upon their Lord they trust.	اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۖ ۝٢	
3. Those who establish prayer, and from what We have provided them, they spend.	الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝٣ ؕ	

4. Those are they who are in truth believers. For them are high ranks with their Lord, and forgiveness, and honorable provision.	اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝٤	یہی لوگ ہیں جو مومن ہیں سچے۔ اُن کے لیے بڑے درجے ہیں اُن کے رب کے ہاں اور بخشش ہے اور بہترین رزق ۝٤
5. Even as your Lord brought you forth from your home (for the battle of Badr) in truth. And indeed, a party among the believers were averse to it.	كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۖ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝٥	جیسا کہ نکالا تم کو تمہارے رب نے تمہارے گھر سے حق کے ساتھ جبکہ (اُس وقت) ایک گروہ مومنوں میں سے (اس نکلنے کو) ناپسند کرتا تھا ۝٥
6. Disputing with you about the truth after it had become evident, as if they were being driven toward death while they were looking on.	يُجَادِلُوْنَكَ فِى الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝٦	جھگڑا کر رہے تھے وہ لوگ تم سے اس حق کے معاملہ میں اس کے بعد بھی کہ کھل کر سامنے آچکا تھا وہ حق (اور اُن کا حال یہ تھا) کہ گویا وہ ہانکے جا رہے ہیں موت کی طرف آنکھوں دیکھتے ۝٦
7. And when Allah promised you one of the two groups (caravan or army of Quresh) that it would be yours, and you wished that the unarmed one should be yours. And Allah intended that He should establish the truth by His words, and cut the root of the disbelievers.	وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۝٧	اور (یاد کرو) جب وعدہ کر رہا تھا تم سے اللہ ایک کا دو گروہوں میں سے کہ وہ تمہیں مل جائے گا اور تم یہ چاہتے تھے کہ کمزور گروہ مل جائے تمہیں اور ارادہ تھا اللہ کا یہ کہ ثابت کر دکھائے حق کو اپنے ارشادات سے اور کاٹ دے جڑ کافروں کی ۝٧
8. That He should establish the truth to be true and the falsehood to be false, even if the criminals might dislike it.	لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝٨	تاکہ سچ کو سچ اور جھوٹ کو جھوٹ کر دے خواہ ناگوار گزرے (یہ بات) مجرموں کو ۝٨

9. When you asked your Lord for help, and He responded to you: "Indeed I will help you with a thousand angels, rank on rank."	إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِينَ ۝٩	جب تم فریاد کر رہے تھے اپنے رب سے تو اُس نے تمہاری فریاد سُن لی (اور فرمایا) بے شک میں مدد دُوں گا تمہیں ایک ہزار فرشتوں سے جو ایک دوسرے کے پیچھے لگاتار آتے جائیں گے ۝٩
10. And Allah made it not but glad tidings, and that your hearts may be assured therewith. And there is no victory except from Allah. Indeed, Allah is All Mighty, All Wise.	وَمَا جَعَلَهُ اللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِ قُلُوبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِندِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝١٠	اور نہیں بتائی تھی یہ بات اللہ نے مگر اس لیے کہ خوشخبری ہو (تمہارے لیے) اور تاکہ مطمئن ہو جائیں اس سے تمہارے دل اور نہیں (آتی) ہے کوئی مدد مگر اللہ کی طرف سے۔ یقیناً اللہ زبردست ہے اور حکمت والا ہے ۝١٠
11. When He covered you with a slumber as a security from Him, and He sent down rain upon you from the sky that He might cleanse you through it, and take away from you the pollution of Satan and strengthen your hearts, and make your feet firm through it.	إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَيُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ ۝١١	(اور وہ وقت بھی) جب طاری کر رہا تھا وہ تم پر غنودگی تسکین کے لیے اپنی طرف سے اور نازل کر رہا تھا تم پر آسمان سے پانی، تاکہ پاک کر دے تمہیں اس سے اور دُور کر دے تم سے نجاست شیطان کی اور مضبوط کر دے تمہارے دلوں کو اور جما دے اس سے تمہارے قدم ۝١١

12. When your Lord inspired to the angels, I am certainly with you, so keep firm those who believed. I will cast terror into the hearts of those who disbelieved, so smite at the necks and smite over all their fingers.	اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ؕ ﴿۱۲﴾	جب حکم دے رہا تھا تمہارا رب فرشتوں کو کہ بے شک میں تمہارے ساتھ ہوں لہٰذا تم ثابت قدم رکھو اہلِ ایمان کو، میں ابھی ڈالے دیتا ہوں دلوں میں ان کافروں کے دہشت سو ضرب لگاؤ تم اُن کی گردنوں پر اور چوٹ لگاؤ اُن کے جوڑ جوڑ پر ﴿۱۲﴾
13. That is because they opposed Allah and His Messenger. And whoever opposes Allah and His Messenger, then indeed Allah is severe in punishment.	ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۳﴾	یہ اس لیے کہ مخالفت کی اُن لوگوں نے اللہ کی اور اُس کے رسول کی اور جو مخالفت کرتا ہے اللہ کی اور اُس کے رسول کی تو بے شک اللہ (ایسے لوگوں کو) سزا دینے میں بہت سخت ہے ﴿۱۳﴾
14. That is your (punishment) so taste it, and indeed for the disbelievers is the punishment of the Fire.	ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۴﴾	یہ ہے (تمہاری سزا) لہٰذا چکھو اس کا مزا اور بے شک منکرینِ حق کے لیے ہے دوزخ کا عذاب ﴿۱۴﴾
15. O you who believe, when you meet those who disbelieve, in battle, turn not your backs to them.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ﴿۱۵﴾	اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب مقابلہ ہو تمہارا کافروں سے میدانِ جنگ میں تو مت پھیرو تم اُن کے سامنے پیٹھ ﴿۱۵﴾

16. And whoever turns his back to them on that day, unless maneuvering for war or intent to join a company, he certainly has incurred wrath from Allah, and his abode is hell, and worst is that destination.	وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗٓ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑯	اور جو پھیرے گا اُن کے سامنے اُس دن پیٹھ سوائے اس کے کہ چال چلنا چاہتا ہو جنگ کے لیے یا جاملنا چاہتا ہو کسی (دوسری) فوج سے تو وہ گھر جائے گا غضب میں اللہ کے اور ٹھکانا ہوگا اس کا جہنم جو بہت ہی بُرا ہے ٹھکانا ⑯
17. So you killed them not, but Allah killed them, and you (O Muhammad) threw not when you did throw, but Allah threw. And that He might test the believers by a fair test from Him. Indeed, Allah is All Hearing, All Knowing.	فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۪ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ⑰	پس (حقیقت یہ ہے کہ) نہیں قتل کیا تم نے انہیں بلکہ اللہ نے قتل کیا انہیں اور نہیں پھینکی تھی تم نے (وہ ریت ان پر) جب پھینکی تھی تم نے بلکہ اللہ نے پھینکی تھی (اور یہ اس لیے تھا) کہ گزار دے اللہ مومنوں کو اپنی طرف سے ایک بہترین آزمائش میں سے۔ یقیناً اللہ ہر بات کا سننے والا اور جاننے والا ہے ⑰
18. That (is the case), and that Allah weakens the plot of the disbelievers.	ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ⑱	یہ معاملہ تو تمہارے ساتھ ہے اور بے شک اللہ کمزور کرنے والا ہے کافروں کی چالوں کو ⑱
19. (O disbelievers) If you sought a judgment, then surely a judgment has come to you. And if you desist (from hostilities), so it is better for you. And if you return (to war), so shall We return. And never will avail you your forces at all, even if it be numerous, and indeed Allah is with the believers.	اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ⑲	(اے کافرو!) اگر تم فیصلہ چاہتے ہو تو بے شک آچکا ہے تمہارے سامنے فیصلہ اور اگر تم باز آجاؤ تو یہ بہتر ہوگا تمہارے لیے اور اگر تم دوبارہ یہی کرو گے تو پھر ہم بھی ایسا ہی کریں گے اور ہرگز نہ کام آسکے گی تمہارے جمعیت تمہاری ذرا بھی خواہ وہ کتنی ہی زیادہ ہو اور (جان لو کہ) بیشک اللہ اہلِ ایمان کے ساتھ ہے ⑲

20. O you who believe, obey Allah and His Messenger and do not turn away from him, while you are hearing.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ۝٢٠	اے ایمان والو! اطاعت کرو اللہ کی اور اُس کے رسُول کی اور مت منہ موڑو اطاعت سے درآنحالیکہ تم سُن رہے ہو ۝٢٠
21. And be not like those who say: "We have heard," and they hear not.	وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝٢١	اور مت ہو جانا تم اُن لوگوں کی طرح جنہوں نے کہا: سُن لیا ہم نے حالانکہ وہ نہیں سُنتے ۝٢١
22. Indeed, the worst of living creatures in the sight of Allah are the deaf and dumb, those who understand not.	اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝٢٢	بے شک سب سے بدتر جانداروں میں اللہ کے نزدیک وہ بہرے گونگے لوگ ہیں جو نہیں لیتے کام عقل سے ۝٢٢
23. And if Allah had known in them any good, He would have made them hear. And even if He had made them hear, they would have turned away, while they were refusing.	وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ۭ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝٢٣	اور اگر دیکھتا اللہ اُن میں کچھ بھلائی تو وہ ضرور اُنہیں سُننے کی توفیق دیتا۔ لیکن اگر (بھلائی کے بغیر) سنواتا تو وہ ضرور رُوگردانی کرتے، بے رُخی کے ساتھ ۝٢٣
24. O you who believe, respond to Allah and to the Messenger when He calls you to that which will give you life. And know that Allah intervenes between a man and his heart, and that He it is unto Whom you will be gathered.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝٢٤	اے ایمان والو! لبیک کہو اللہ کے بلانے پر اور اُس کے رسُول (کے بُلانے) پر جب بُلائیں وہ تم کو اُس چیز کی طرف جو تمہیں زندگی بخشنے والی ہے اور جان رکھو کہ اللہ حائل ہے درمیان آدمی کے اور اس کے دل کے اور یہ حقیقت بھی کہ اسی کے حضور گھیر گھار کر لایا جائے گا تمہیں ۝٢٤

25. And fear a trial that will not strike those who have wronged among you exclusively. And know that Allah is severe in punishment.	وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٢٥﴾	اور بچو اس فتنے سے کہ نہیں پہنچے گی اس کی (شامت) صرف اُن لوگوں کو جو ظالم ہیں تم میں سے بطورِ خاص۔ اور جان رکھو کہ یقیناً اللہ سخت سزا دینے والا ہے ﴿٢٥﴾
26. And remember when you were few and deemed weak in the land, fearing that people might abduct you. Then He provided you refuge, and strengthened you with His help, and provided you with good things that you might be grateful.	وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِى الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٦﴾	اور یاد کرو (وہ وقت) جب تم تھوڑے تھے (اور) بے زور سمجھے جاتے تھے زمین میں (اور) ڈرتے رہتے تھے تم اُس بات سے کہ کہیں اُچک (نہ) لے جاویں تم کو لوگ پھر اُس نے تم کو جائے پناہ دی اور مضبوط کیے تمہارے ہاتھ اپنی مدد سے اور عطا فرمائیں تمہیں پاکیزہ چیزیں شاید کہ تم شکرگزار بنو ﴿٢٦﴾
27. O you who believe, betray not Allah and the Messenger, nor betray your trusts while you know.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٧﴾	اے ایمان والو! مت خیانت کرو اللہ اور رسول کے ساتھ اور (مت) خیانت کرو اپنی امانتوں میں، جانتے بوجھتے ﴿٢٧﴾
28. And know that your possessions and your children are but a trial, and that with Allah is an immense reward.	وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٨﴾	اور جان رکھو کہ درحقیقت تمہارے مال اور تمہاری اولادیں سامانِ آزمائش ہیں اور بے شک اللہ ہی ہے جس کے پاس ہے اجرِ عظیم ﴿٢٨﴾

29. O you who believe, if you fear Allah, He will grant you a criterion and will remove from you your evil deeds and will forgive you. And Allah is possessor of great bounty.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝۲۹	اے ایمان والو! اگر تم ڈرتے رہو گے اللہ سے دے گا وہ تمہیں (حق و باطل میں فرق کی) کسوٹی اور دُور کر دے گا تم سے تمہارے گناہ اور بخش دے گا تمہارے (قصور) اور اللہ مالک ہے فضلِ عظیم کا ۝۲۹
30. And when those who disbelieve plotted against you (O Muhammad) to restrain you, or kill you, or drive you out. And they plotted, and Allah did plan. And Allah is the best of those who plan.	وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ۭ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝۳۰	اور جب چالیں چل رہے تھے تمہارے خلاف وہ لوگ جو کافر ہیں کہ قید کر دیں تمہیں یا قتل کر دیں تمہیں یا جلاوطن کر دیں تمہیں، وہ چل رہے تھے اپنی چالیں اور چل رہا تھا اپنی چال اللہ۔ اور اللہ سب سے بہتر چال چلنے والا ہے ۝۳۰
31. And when Our verses are recited to them, they say: "We have heard. if we willed, we could say the like of it. This is not but legends of the ancients."	وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَاۗءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۳۱	اور جب تلاوت کی جاتی ہیں اُن کے سامنے ہماری آیات تو وہ کہتے ہیں کہ ہاں سن لیا ہم نے، اگر ہم چاہیں تو بنا سکتے ہیں ہم بھی ایسی ہی باتیں، نہیں ہیں یہ مگر کہانیاں پہلے لوگوں کی ۝۳۱
32. And when they said: "O Allah if this indeed be the truth from You, then rain down upon us stones from heaven, or bring upon us a painful punishment."	وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاۗءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۳۲	اور (یاد کرو) جب کہا تھا (ان کافروں نے) اے اللہ! اگر ہے یہ (قرآن) واقعی سچا تیری طرف سے تو برسا تُو ہم پر پتھر آسمان سے یا لا ہم پر دردناک عذاب ۝۳۲

33. And Allah will not punish them while you are in their midst, nor will Allah punish them while they seek forgiveness.	وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿٣٣﴾	اور نہیں ہے اللہ ایسا کہ عذاب دے اُن کو جبکہ تم (اے نبیؐ) اُن میں موجود ہو۔ اور نہیں ہے اللہ عذاب دینے والا انہیں جبکہ وہ استغفار کرتے ہوں ﴿٣٣﴾
34. And what have they that Allah should not punish them, and they obstruct (people) from Al-Masjid-al-Haram, and they are not its guardians. Its (true) guardians are not but those who are righteous. But most of them know not.	وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ۭ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٤﴾	اور اب کونسی بات ہے ان میں کہ نہ عذاب دے اُن کو اللہ جبکہ وہ روک رہے ہیں راستہ مسجدِ حرام کا۔ حالانکہ نہیں ہیں وہ اس کے (جائز) متولی نہیں ہیں اس کے متولی مگر اہلِ تقویٰ لیکن ان کی اکثریت (اس بات سے) بے خبر ہے ﴿٣٤﴾
35. And their prayer at the House (Kabah) was not except whistling and handclapping. So taste the punishment because you used to disbelieve.	وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَاۗءً وَّتَصْدِيَةً ۭ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٥﴾	اور نہیں ہوتی ہے اِن کی نماز بیت اللہ کے پاس مگر سیٹیاں بجانا اور تالیاں پیٹنا۔ سو چکھو اب مزا عذاب کا بدلے میں انکارِ حق کے جو تم کرتے رہے ﴿٣٥﴾
36. Indeed, those who disbelieve, they spend their wealth to hinder (people) from the way of Allah. So they will spend it, then it will become for them an anguish, then they will be overcome. And those who disbelieve will be gathered to hell.	اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿٣٦﴾	یقیناً وہ لوگ جنہوں نے (حق کا) انکار کیا وہ خرچ کرتے ہیں اپنے مال تاکہ روکیں (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے۔ سو ابھی اور مال خرچ کرتے رہیں گے وہ آخرکار، ہو جائیں گی (یہی کوششیں) اُن کے لیے باعثِ حسرت۔ پھر یہ مغلوب ہو جائیں گے اور وہ لوگ جنہوں نے (حق کا) انکار کیا جہنم کی طرف گھیر لائے جائیں گے ﴿٣٦﴾

37. So that Allah may separate the wicked from the good, and place wicked one upon another, then heap them together, then cast them into Hell. They, it is they who are the losers.	لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۳۷﴾	تاکہ چھانٹ کرالگ کرے اللہ گندگی کو پاکیزگی سے اور ڈالتا چلا جائے گندگی کو دوسری گندگی پر پھر ڈھیر بنا دے اس سارے کا، پھر جھونک دے اُسے جہنم میں۔ یہی لوگ ہیں جو گھاٹا اُٹھانے والے ہیں ﴿۳۷﴾
38. Say to those who disbelieve, if they desist, what was the past shall be forgiven for them. And if they return, then the example of those before has already preceded.	قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾	(اے نبیؐ) کہو ان کافروں سے اگر یہ باز آجائیں (اب بھی) تو معاف کر دیے جائیں گے اِن کے وہ (جرائم) جو پہلے سرزد ہو چکے ہیں لیکن اگر یہ دوبارہ وہی کچھ کریں گے تو بے شک نافذ ہو چکا ہے (ہمارا) قانون پہلے لوگوں پر ﴿۳۸﴾

39. And fight them until persecution is no more, and the religion is all for Allah. So if they cease, then indeed Allah is Seer of what they do.	وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٣٩﴾	اور جنگ کرتے رہو ان (کافروں) سے یہاں تک کہ نہ باقی رہے فتنہ اور ہو جائے دین پورے کا پورا اللہ کے لیے پھر اگر وہ باز آ جائیں تو بے شک اللہ اُن کے اعمال کو دیکھ رہا ہے ﴿٣٩﴾
40. And if they turn away, then know that Allah is your Protector, an excellent Protector and an excellent Helper.	وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ۚ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾	اور اگر وہ نہ مانیں تو جان رکھو کہ بے شک اللہ تمہارا سرپرست ہے (اور وہ) بہترین حامی اور بہترین مددگار ہے ﴿٤٠﴾